© rasailojaraid.com



مولانا عبدالعظیم انصاری — مدیر

# تعارف و تبصرہ کتب

(۱)

نام کتاب : زیارتِ قبور کا شرعی طریقہ
مؤلف : مولانا محمد حنیف یزدانی
ناشر : مکتبہ نذیریہ اچھرہ لاہور
قیمت : ساڑھے دس روپے

مولانا محمد حنیف یزدانی کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں، آپ نے علم و فضل اور ادب و انشاء سے بہرہ وافر پایا ہے اور ایک جانی پہچانی حیثیت کے مالک ہیں۔ آپ ایک جید عالم دین، نامور خطیب، صاحب طرزِ ادیب، بلند پایہ محقق و مفکر۔ وسیع المطالعہ، متعدد کتب کے مصنف اور ناشر ہیں۔ آپ کی نگارشات مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوتی رہتی ہیں جن سے آپ کے تبحر علمی اور عمیق مطالعہ کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

موصوف کو بچپن ہی سے مطالعۂ کتب کا شوق اور لگن تھی۔ آپ نے مختلف مکاتب فکر کی کتب کا بنظر غائر مطالعہ کیا ہے اسی لیے آپ کی تحریر میں پختگی، گہرائی اور گیرائی بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔

اسی لگن کے سلسلہ میں آپ نے "مکتبہ نذیریہ" کے نام سے اشاعتِ کتب کے لیے ایک ادارہ قائم کیا جس کی طرف سے اب تک بڑی وقیع علمی، دینی تاریخی اور معلوماتی کتب شائع کی جا چکی ہیں جن میں شیخ الکل سید نذیر حسین؁، قاضی محمد سلیمان پٹیالوی؁، مولانا سید داؤد غزنوی؁ اور مولانا محمد اسماعیل سلفی؁ کی تصانیف شامل ہیں۔

زیرِ نظر کتاب "زیارتِ قبور کا شرعی طریقہ" مولانا موصوف کی اس موضوع میں بے مثل اور معرکۃ الآرا تصنیف ہے، بڑی جانفشانی اور محنت سے معتبر کتب احادیث اور فقہ کے مستند

© rasailojaraid.com